بس ڈرائیور مسجدِ عائشہ یا مسجدِ جعرانہ سے واپس مکہ آئیں، تو احرام کا حکم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1529

تاریخ اجراء: 27شعبان المعظم1445ھ/09مارچ2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

زیارت کروانے والے یا بس ڈرائیور جو عمرہ کرنے والوں کو مسجدِ حرام سے مسجدِ عائشہ یا مسجدِ جعرانہ لے کر جاتے ہیں، کیا مکہ مکرمہ واپس آنے پر ان کے لئے بھی احرام باندھنا ضروری ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت کے مطابق زیارات کروانے والے نیز ڈرائیور حضرات مسجد عائشہ اور مسجد جعرانہ سے واپسی پر بغیر احرام حرم شریف آسکتے ہیں جبکہ ان کی عمرہ کی نیت نہ ہو۔ہاں! اگر ان کی بھی عمرہ کی نیت ہو تو بغیر احرام نہیں آسکتے۔ لیکن طائف یا مدینہ شریف کا یہ معاملہ نہیں ہے کیونکہ طائف اور مدینہ شریف آفاقی میقات سے باہر ہیں لہٰذا ان سے واپسی پر براہِ راست زیارات کروانے والے نیز ڈرائیور حضرات بھی مکہ مکرمہ بغیر احرام بہر حال نہیں آسکتے۔

شیخ طریقت، سیدی امیر اہلسنت، حضرت علامہ و مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ اسی طرح کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: ”سوال: اگر مکّۃُ المکرَّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً میں کام کرنے والے مثلاً ڈرائیور یا وہاں کے باشندے وغیرہ روزانہ بار بار **”طائف شریف“** جائیں تو کیا ہر بار واپسی میں انہیں روزانہ عمرے وغیرہ کا **اِحرام** باندھنا ضروری ہے؟

جواب: یہ قاعدہ ذِہن نشین کر لیجئے کہ اہل مکہ اگر کسی کام سے ”حدود حرم“ سے باہَر مگر میقات کے اندر (مثلاً جدہ شریف) جائیں تو اُنہیں واپسی کے لئے اِحرام کی حاجت نہیں اور اگر ”میقات“ سے باہر (مثلاً مدینہ پاک، طائف شریف رِیاض وغیرہ) جائیں تو اب **بغیر اِحرام** کے ”حدود حرم“ میں واپس آنا جائز نہیں۔ ڈرائیور چاہے دن میں کئی بار آنا جانا کرے ہر بار اُس پر حج یا عمرہ واجب ہوتا رہے گا۔ بِغیر احرام کے مکّۃُ المکرَّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً آئے گا

تودم واجب ہو گا اگر اِسی سال میقات سے باہَر جا کر احرام باندھ لے تو دم ساقط ہو جائے گا۔" (رفیق الحرمین، صفحہ 67، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ **وَرَسُوْلُہ اَعْلَم** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net